# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 16 March 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۶/مارچ ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **آج دوپہر میں جاری کیا جائے گا آئندہ لوک سبھا چُناؤ کا لائحہ عمل**

☆ **کاشتکاروں کے ایک لاکھ 60 / ہزار روپئے تک قرض پر اسٹیمپ ڈیوٹی معاف' وزیراعلیٰ کا اعلان**

☆ **ریاست کے سبھی اساتذہ کو یونیفارم لازمی ' طلباء کے لیے پُرمسرت سنیچر نامی سرگرمی کا آغاز**

**اور**

☆ **اڑان یوجنا کے تحت ناندیڑ سے فلائٹ سروس بحال**

**اب خبریں تفصیل سے...**

آئندہ لوک سبھا چُناؤ کا لائحہ عمل آج دوپہر میں جاری کیا جائے گا۔ اِس خصوص میں مرکزی چُناؤ کمیشن کی آج نئی دِلّی میں ہونے والی صحافتی کانفرنس کو سوشل میڈیا پر بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔ چُناؤ کمیشن نے ٹویٹر پیغام کے ذریعے یہ اطلاع دی ہے۔

اِسی دوران عدالتِ عالیہ نے کہا ہے کہ انتخابی بانڈز سے متعلق اسٹیٹ بینک آف انڈیا کی جانب سے دی گئی معلومات نامکمل ہے۔ عدالت نے ایس بی آئی کو آئندہ سوموار تک بانڈز کے نمبروں کی تفصیلی معلومات مہیا کرنے کو کہا ہے۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی کے رہنما رکن پارلیمان راہل گاندھی کی بھارت جوڑو یاترا کل پالگھر ضلعے کے موکھاڈا- جواہر اور وکرم گڑھ کے راستے تھانہ پہنچی۔ اِس سے قبل پالگھر ضلعے کے واڈا میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے راہل گاندھی نے مرکزی حکومت پر سخت تنقید کی۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کاشتکاروں کے ایک لاکھ 60 ہزار روپئے تک قرض پر اسٹیمپ ڈیوٹی معاف کرنے کا اعلان کیا ہے۔

بیڑ ضلع میں قائم کیے گئے کسان کریڈٹ کارڈ کے ڈیجیٹل پروجیکٹ جَن سمرتھن کا افتتاح کل وزیر اعلیٰ کے ہاتھوں ویڈیو کانفرنسنگ کے توسل سے کیا گیا۔ اِس موقعے پر وہ مخاطب تھے۔ اِس دوران وزیر اعلیٰ کے ہاتھوں بیڑ ضلع کے 22 کاشتکاروں کے کھاتوں میں کسان کریڈٹ کارڈ کے ذریعے براہِ راست رقم بھی جمع کی گئی۔ خیال رہے کہ اِس جَن سمرتھن پروجیکٹ کے لیے بیڑ ضلع کے شعبہ محصول اور شعبہ زراعت سمیت دیگر شعبہ جات میں اب تک پونے پانچ لاکھ کاشتکاروں نے اندراج کروایا ہے۔ اِس پروجیکٹ کے ذریعے کاشتکار بغیر دستاویزات کے گھر بیٹھے قلیل مدتی قرض کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

***** ***** *****

دھاراشیو میں مجوزہ 500 بستروں کی گنجائش والے ضلعی ہسپتال کی عمارت کا سنگ بنیاد کل وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں ویڈیو کانفرنسنگ کے توسط سے رکھا گیا۔ اِس موقعے پر وزیر برائے صحت ڈاکٹر تاناجی ساونت بھی موجود تھے۔ اِس دوران انھوں نے کہا کہ اِس ہسپتال میں عوام کو معیاری طبی سہولیات مہیا کی جائے گی۔

***** ***** *****

ایس ٹی کارپوریشن کی بسوں کو ایل این جی ایندھن پر منتقل کرنے کے پروجیکٹ کا افتتاح کل وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں کیا گیا۔ خیال رہے کہ ایس ٹی کارپوریشن کے جملہ اخراجات میں سے تقریباً 34 فیصد رقم ڈیزل پر خرچ ہوتی ہے اِس میں تخفیف کرنے کے مقصد سے ایس ٹی کارپوریشن نے اپنی سبھی بسوں کو ایل این جی ایندھن پر چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔

***** ***** *****

اسکولی طلباء کی طرح اب ریاست بھر کے سبھی اساتذہ کو بھی خصوصی یونیفارم لازمی قرار دیا گیا ہے۔ اسکولی تعلیم کے وزیر دیپک کیسرکر نے کل صحافتی کانفرنس میں یہ بات بتائی۔ انھوں نے بتایا کہ جس طرح ڈاکٹروں کے نام سے پہلے DR لکھا جاتا ہے اِسی طرح اب اساتذہ کے نام سے پہلے TR لکھا جائے گا۔

اِسی طرح اسٹیٹ بورڈ سے ملحقہ سبھی اسکولوں میں آئندہ تعلیمی سال سے پہلی سے آٹھویں جماعت تک طلباء کے لیے ہر سنیچر کے روز ’’ پُرمسرت سنیچر ‘‘ نامی سرگرمی پر عمل درآمد کیا جائے گا۔طلباء میں اپنے رویے اور ذمہ داریوں کے تئیں شعور بیدار کرنے ‘ آپسی معاونت اور قائدانہ صلاحیت کو فروغ دینے کے مقصد سے یہ سرگرمی شروع کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھا جی نگر میں منعقدہ اندر دھنوشیہ 24 - 2023ء نامی ریاستی سطح کا یووک مہوتسو کل اختتام پذیر ہوا۔معروف اداکارہ سونالی کلکرنی اِس اختتامی تقریب میں بطورمہمان خصوصی موجود تھیں۔اِس موقعے پر انھوں نے کہا کہ نوجوان آپنے آپ کو پہچانیں اور کسی کو مات دینے کے بجائے فن سے ملنے والی خوشی کومحسوس کریں۔اِس موقعے پر وائس چانسلر ڈاکٹر وِجے پھلاری سمیت دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھیں۔

خیال رہے کہ اندر دھنوشیہ 24 - 2023ء مہوتسو ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں منعقد کیا گیا تھا۔اِس مہوتسو کا آغاز گزشتہ 11/تاریخ کو ہوا تھا۔جس میں 24/یونیورسٹیوں کے 875/طلباء نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔مقابلوں میں کامیابی حاصل کرنے والے طلباء کو اِس موقعے پر معززین کے ہاتھوں انعامات سے نوازا گیا۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھا جی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

وزیراعظم نریندر مودی کی ’’ اُڑان ‘‘ نامی یوجنا کے تحت ناندیڑ سے فلائٹ سروِس بحال کی جارہی ہے۔لہٰذا آئندہ 31/تاریخ سے ناندیڑ۔حیدرآباد اور ناندیڑ۔احمدآباد یہ فلائٹس روزآنہ اُڑا کریں گی۔رکن پارلیمان پرتاپ راؤ پاٹل چِکھلیکر نے بتایا کہ بنگلورو - ناندیڑ۔جالندھر فضائی خدمت بھی عنقریب شروع کی جائے گی۔

***** ***** *****

آئندہ لوک سبھا چُناؤ میں معذور رائے دہندگان کی رائے دہی کا فیصد بڑھانے کے مقصد سے پربھنی ضلع کلکٹر دفتر کی جانب سے کل معذور رائے دہندگان میں بیداری ریلی نکالی گئی تھی۔ ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڈے نے اِس ریلی اور تصویری رتھ کو ہری جھنڈی دکھا کر روانا کیا تھا۔

***** ***** *****

آئندہ لوک سبھا چُناؤ کے لیے ناندیڑ ضلع کلکٹر ابھیجیت راوَت نے ڈسٹرکٹ سوئیپ روم قائم کیا ہے۔ اِس کمرے کے ذریعے تمام تعلقہ جات میں رائے دہی کے فیصد میں اضافے کے مقصد سے عوامی بیداری کے مختلف اقدام کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

ناندیڑ میں کل ٹرک اور 2/ پہیہ گاڑی کے تصادم میں باپ بیٹے کی موقعے پر ہی موت ہوگئی۔ یہ حادثہ آسنا ندی پر تعمیر پُل پر پیش آیا۔ دونوں کو زخمی حالت میں سرکاری ہسپتال پہنچایا گیا تھا لیکن جانچ کے بعد ڈاکٹروں نے اُنھیں مردہ قرار دیا۔

***** ***** *****

امباجوگائی میں واقع سوامی رامانند تیرتھ میڈیکل کالج نیز ہسپتال میں برسرِ خدمت افسران کی رہائش گاہوں اور پوسٹ گریجویشن کر رہے طلباء کا ہاسٹل تعمیر کرنے کے لیے ریاستی حکومت نے 102/ کروڑ روپئے فنڈ منظور کیا ہے۔ رکن اسمبلی نمیتا مُندڑا نے بتایا کہ اِس ہاسٹل کا تعمیر کام لوک سبھا چُناؤ کے بعد شروع کیا جائے گا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے میں قحط کی سی صورتحال کو پیش نظر رکھتے ہوئے رکن اسمبلی راناجگجیت سنگھ پاٹل نے کل دھاراشیو اور تلجاپور میں ایک جائزہ میٹنگ لی۔ اِس موقعے پر انھوں نے کہا کہ کسی کو بھی پینے کے پانی کی قلت نہ ہو اِس بات کا خاص خیال رکھا جائے۔ انھوں نے ہدایت دی کہ آب رسانی کا تسلسل باقی رکھنے کے لیے آبی وسائل پر اختیار حاصل کرنے سمیت دیگر لازمی اقدام کیے جائیں۔ اِس میٹنگ میں جل جیون مشن کے تحت جاری کاموں کا بھی جائزہ لیا گیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے میں نموآتم نِربھر اور سوریہ اُورجا گاؤں مہم کے تحت ضلع پریشد کی خصوصی کارگذار افسر مینل کرن وال نے کل حمایت نگر تعلقے کے جلگاؤں کا دورہ کیا۔ اِس دوران انھوں نے اسکول' آنگن واڑی اور گرام پنچایت دفتر کا دورہ کیا اور مقامی ساکنان سے تبادلۂ خیال بھی کیا۔

***** ***** *****

پربھنی میں واقع وسنت راؤ نائک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی کا 25/ رواں جلسۂ تقسیم اسناد آئندہ منگل کے روز یعنی 19/ مارچ کو منعقد کیا جائے گا۔ چانسلر رمیش بئیس اِس جلسے کی صدارت کریں گے۔ یونیورسٹی کے بہبودِ طلباء دفتر کے احاطے میں بنی جلسہ گاہ میں اِس تقریب کا اہتمام کیا جائے گا۔ اِس میں مختلف شعبہ جات کے 11/ ہزار گریجویٹس کو ڈگری سرٹیفکیٹ عطا کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

گزشتہ مہینے چھترپتی سنبھاجی نگر میں نموکپ 2024ء اسپورٹس کامپی ٹیشن کا انعقاد کیا گیا تھا۔ اِس کامپی ٹیشن میں مختلف 51/ کھیلوں کا اہتمام کیا گیا تھا۔ جس میں 37/ ہزار سے زیادہ کھلاڑیوں نے حصہ لیا تھا۔ اِس کامپی ٹیشن میں جیت حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں 9/ ہزار تمغے تقسیم کیے گئے۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

☆ **آج دوپہر میں جاری کیا جائے گا آئندہ لوک سبھا چُناؤ کا لائحہ عمل**

☆ **کاشتکاروں کے ایک لاکھ 60/ ہزار روپئے تک قرض پر اسٹیمپ ڈیوٹی معاف' وزیراعلیٰ کا اعلان**

☆ **ریاست کے سبھی اساتذہ کو یونیفارم لازمی ' طلباء کے لیے پُرمسرت سنیچر نامی سرگرمی کا آغاز**

**اور**

☆ **اڑان یوجنا کے تحت ناندیڑ سے فلائٹ سروس بحال**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆